# پس منظر نامہ9

وزارت خزانہ

فوری طور پر جاری کرنے کے لیے
2021FIN0023-000744
اپریل 20, 2021

**بچوں کی دیکھ بھال (چائلڈ کیئر): بی.سی. کے خاندانوں کی مدد کرنا، اس وقت اور بحالیکے دوران**

معیار، قابل استطاعت اور جامع چائلڈ کیئر(بچوں کی دیکھ بھال) خاندانوں، معاشروں اور معیشت کے لئے بہت کلیدی ہے۔ عالمی وباء نے معاشی ڈرائیور کی حیثیت سے چائلڈ کیئر کی اہمیت کو تقویت بخشی ہے۔ چائلڈ کیئر تک معتبر رسائی کے بغیر، بہت سے والدین کو اپنے کیریئر کو روکنا پڑے گا، کسی مختلف کمیونٹی میں جانا پڑے گا یا زیادہ بچے پیدا کرنے کے خلاف فیصلہ کرنا پڑے گا۔ یہی وجہ ہے کہ حکومت نے بی. سی. میں چائلڈ کیئر کے عالمی اور جامع نظام کے لئےپچھلے تین سالوں کے دوران تاریخی سرمایہ کاریاں کی ہیں۔ جب کنبے معیشت میں مکمل طور پر حصہ لینے کے قابل ہوتے ہیں تو، یہ کاروباری اداروں کی سپورٹ کرتا ہے، کنبوں کی مدد کرتا ہے اور بچوں کو غربت سے نکالتا ہے۔

2018میں، حکومت نے 1بلین ڈالر چائلڈ کیئر کا منصوبہ پیش کیا جو بی.سی. کی تاریخ میں چائلڈ کیئر میں سب سے نمایاں سرمایہ کاری تھی۔ ہزاروں بچوں کے لئے معیار، قابل استطاعت اور گھر سے قریب چائلڈ کیئر میں اس سرمایہ کاری نے بی.سی. کے ہر حصے میں کنبوں کے لئے زندگی بہتر بنا دی ہے۔ اس میں شامل ہیں:

- پورے بی.سی. میں نئےلائسنس یافتہ چائلڈ کیئر فراہم کرنے والی تقریباً 26,000 جگہوں کے لئے مالی اعانت زیرِ عمل ۔
- چائلڈ کیئر فی ریڈکشن انیشئٹیو(Child Care Fee ReductionInitiative) کے ذریعہ 69،000 سے زیادہ بچوں اور ان کے اہل خانہ کے لئے والدین کی فیسوں کو ماہانہ 350$تک کم کرنا۔
- افورڈیبل چائلڈ کیئر بینیفٹ(AffordableChildCare Benefit) کے ذریعے فی بچہ ماہانہ 1,250$ تک کی کمی، جس سے کم اور درمیانی آمدنی والے خاندانوں کے 63،000 بچوں کے اخراجات پورے کرنے میں مدد ملتی ہے۔
- لائسنس یافتہ سہولیات میں ابتدائی بچپن کے معلمین (ECEs) کی اجرت میں2$ فی گھنٹہ کا اضافہ۔

صوبہ کا اپنے 10 سالہ منصوبے چائلڈ کیئر بی سی(Childcare BC) کو آگے بڑھانے کے لئے بجٹ 2021 میں 3 سالوں میں اضافی 233 ملین ڈالر کی بنیادی فنڈز فراہم کرنے کے ذریعے ان بہتریوں کو فروغ دیا گیا ہے۔ نیو اسپیس فنڈ کے تحت ہر سال فنڈ دیئے جانے والے ہزاروں نئی جگہوں علاوہ، سرمایہ کاری سے چائلڈ کیئر حاصل کرنے والے خاندانوں کی تعداد میں اضافہ ہوگا جس کی لاگت روزانہ 10$یا اس سے کم ہے، سودیشی خاندانوں کے لیے بغیر لاگت چائلڈ کیئر کی جگہوں میں اضافہ، اور ای سی ای کی اجرت کومزید بہتر بنائیں تاکہ گھر کے نزدیک اعلی معیار والے مقامات کی تشکیل میں مدد ملے۔ اس سے مالیاتی منصوبے کے دوران چائلڈ کیئر کے لئے تقریباً 2.3 بلین ڈالر تک فنڈ ملتا ہے۔

**بجٹ 2021 کرے گا:**

- یونیورسل چائلڈ کیئر پروٹوٹائپ پروگرام میں توسیع کے ذریعہ ان بچوں کی تعداد دگنی سے زیادہ ہے جو روزانہ 10$یا اس سے کم کی دیکھ بھال حاصل کرسکتے ہیں۔ اس سرمایہ کاری سے 75 مزیدچائلڈ کیئر کے مراکز کو پروگرام میں شامل کیا جائے گا، جس سے جگہوں کی تعداد میں تقریباً 3،750 کا اضافہ ہوگا۔
- سیملیس ڈے پائلٹ پروگرام(SeamlessDay pilot program) کو چار اسکول اضلاع سے 24 تک بڑھا کر اسکول کی بنیادوں پر چائلڈ کیئر تک رسائی میں مزید خاندانوں کی مدد کریں۔
- لائسنس یافتہ چائلڈ کیئر کے مراکز میں تقریبا 11،000 ای سی ای کی مدد کریں، اور ای سی ای کی اجرت میں اضافے کو4$ فی گھنٹہ کر کے سیکٹر میں بہتر بھرتی اور نوکری برقرار رکھنے کی حوصلہ افزائی کریں۔

- اجرت میں اس اضافہ نے ای سی ای کی اوسط اجرت کوتقریباً23$فی گھنٹہ کرنے میں مدد کی ہے، جس نے زیادہ لوگوں کو کیریئر کے طور پر اس کام کو آگے بڑھانے کی ترغیب دی ہے۔

- بی سی میں 30 سے زیادہ کمیونٹیز میں کل 1000 خالی جگھوں کے لئے، ابیورجنل ہیڈ اسٹارٹ پروگرام(Aboriginal Head Start program) کے لئے 400 نئی جگھوں کی تشکیل کی حمایت کریں۔ یہ پروگرام ثقافتی طور پر متعلقہ چائلڈ کیئر اور ابتدائی تعلیم بغیر کسی قیمت پر سودیشی خاندانوں کو بی.سی. کی ابوریجنل ہیڈ اسٹارٹ ایسوسی ایشن اور فرسٹ نیشن ہیلتھ اتھارٹی(First Nations Health Authority) کے ساتھ شراکت کے ذریعے فراہم کرتا ہے۔
- چائکڈ کیئر بی سی نیو اسپیسز فنڈ(Childcare BC New Spaces Fund) کے ذریعہ ہزاروں نئے چائلڈ کیئر فراہم کرنے والی جگھوں کی حمایت کریں۔
- سپورٹڈ چائلڈ ڈویلپمنٹ اینڈ ابوریجنل سپورٹڈ چائلڈ ڈویلپمنٹ (Supported Child Development and Aboriginal Supported Child Development) پروگراموں تک رسائی حاصل کرنے میں تقریبا 2،000 مزیدخاندانوں کی مدد کریں گے اور پہلے سے اندراج شدہ بچوں کےسپورٹ کے اوقات میں اضافہ کرنے میں مدد کریں گے تاکہ مدد کی ضروریات والے بچے مکمل طور پر رسائی حاصل کرسکیں، حصہ لے سکیں اور پروگرامنگ سے فائدہ اٹھاسکیں۔
- صحت و سلامتی کے گرانٹ میں مزید 20 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری کریں گے تاکہ مراکز کوعالمی وباء سے محفوظ رکھنے کی لاگت میں چائلڈ کیئر فراہم کرنے والوں کی مدد کی جاسکے۔

جب کوویڈ-19نے B.C. کو نشانہ بنایا، حکومت پہلے ہی چائلڈ کیئر کے شعبے میں سرمایہ کاری کر رہی تھی، اس بات کو تسلیم کرتے ہوئے کہ یہ کنبوں کے لئے کتنا اہم ہے۔ عالمی وباء کے آغاز کے ساتھ ہی اس سرمایہ کاری کی اہمیت اور بھی واضح ہوگئی، جب کچھ والدین، خاص طور پر خواتین کو، بچوں اور بزرگ والدین کی دیکھ بھال کے لئے جلد ہی کام سے دور ہونا پڑا۔ دوسروں کے لئے، عالمی وباء کا مطلب ایک کرتب باز کی طرح، اپنا کام کرنے کے ساتھ ساتھ اپنے بچوں کی دیکھ بھال کرنااور گھر میں ان کی تعلیم کا دھیان رکھنا تھا۔ بی.سی. کے خاندانوں کے لئے چائلڈ کیئر کا ایک عالمگیر اور جامع نظام بنانا اس بات کویقینی بنانے میں مدد کرے گا کہ والدین جن کی دیکھ بھال کا اہم کام انجام دینے کے لئے ملازمت یا تعلیمی اہداف سے پیچھے ہٹے ہیں وہ اپنے کیریئریا تربیت میں واپس جاسکیں گے۔

چائلڈ کیئر فراہم کرنے والوں کی مدد کرنے اور سہولیات کو بند ہونے سے روکنے کے لئے، حکومت نے چلڈرن کیئر آپریٹرز کو یکم اپریل اور 31 اگست ، 2020 کے درمیان تقریبا 320 ملین ڈالر کے ہنگامی فنڈز فراہم کیے۔ بی.سی.، کینیڈا کا واحد دائرہ اختیار تھا جس نے اس شعبے کے لئے اس سطح کی مدد فراہم کی، قطع نظر اس سے کہ چاہے خاندانوں نے عارضی طور پر اپنے بچوں کو نکال لیایا آپریٹرز نے عارضی طور پر بند ہونے کا انتخاب کیا۔

21-2020 میں اسٹرونگر بی سی اکنامک ریکوری پلان (StrongerBCEconomicRecovery Plan) کے تحت ہیلتھ اینڈ سیفٹی گرانٹس، چائلڈ کیئر ریپڈ رینوویشن فنڈ(Child Care Rapid Renovation Fund) اور ابیورجنل ہیڈ اسٹارٹ لینڈ بیسڈ پروجیکٹ(Aboriginal Head Start Land-based Project) کے ذریعہ،خاندانوں اور چائلڈ کیئر فراہم کرنے والوں کی اضافی 99 ملین ڈالر سے مدد کی، اورنیو اسپیس فنڈ کے توسط 3،200 سے زائد چائلڈ کیئرکو تیزی سے قائم کیا گیا۔

جیسے بی.سی. بحالی کی طرف بڑھ رہا ہے، چائلڈ کیئر کلیدی کردار ادا کرتا رہے گا۔ پچھلے سال کے واقعات نے اس بات پر روشنی ڈالی ہے کہ والدین - خاص طور پر خواتین کو ملازمت پر واپس جانے کے لیے، چائلڈ کیئر کس طرح خاندانوں کی مدد کرتا ہے۔ یہ کاروباری مالکان کی سپورٹ کرتا ہے جو ملازمت میں دوبارہ داخلے کے بعد والدین کی خدمات حاصل کرنے کے قابل ہوتے ہیں، اور اس سے مضبوط مقامی معیشتیں تعمیر کرنے میں مدد ملتی ہے جس سے معاشرے کے ہر فرد کو فائدہ ہوتا ہے۔ اس سرمایہ کاری نے مل کر چائلڈ کیئر سیکٹرکو کنبوں اور بی.سی. کی معاشی بحالیکو سپورٹ کرنے کے پوزیشن دے دی ہے۔

**رابطہ کریں:**

وزارت خزانہ

میڈیا ریلیشنز

250 387-5710